# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴ مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آپریشن سندور کے ذریعے صرف دہشت گردوں کے اڈے ہی نہیں بلکہ ان کے منصوبے بھی ختم کیے گئے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ آپریشن سندور سے متعلق عوامی بیداری کیلئے بی جے پی کی ملک بھر میں ترنگا ریلی۔

☆ ملک کے 52 ویں چیف جسٹس کے طور پر جسٹس گوئی آج اپنے عہدہ کا چارج لیں گے۔

☆ بے گھر بچوں کی باز آبادکاری کیلئے فلائنگ اسکواڈ اسکیم کو ریاستی کابینہ کی منظوری؛ مصنوعی ریت پالیسی کو بھی منظوری۔

☆ ریاستی تعلیمی بورڈ کے دسویں اور CBSE کے بارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ جنوب مغربی مانسون جنوبی انڈمان سمندر میں داخل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے ذریعے صرف دہشت گردی کے اڈے ہی نہیں بلکہ منصوبے اور مہموں کو بھی ختم کیا گیا ہے۔ وزیرِ اعظم کل پنجاب کے آدم پور میں فضائیہ کے پورٹ کا دورہ کرنے کے بعد فوجیوں سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گرد چھپ کر بیٹھے ایسی جگہیں بچی نہیں ہیں۔ انھوں نے فوجیوں کو بہترین کارکردگی سے متعلق ان کا شکریہ ادا کیا۔ فوجیوں کی تعریف کرتے ہوئے انھوں نے کہا:

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

***** ***** *****

آپریشن سندور سے متعلق عوامی بیداری کی مناسبت سے بی جے پی نے کل سے ملک بھر میں عوامی بیداری کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مہم کو ترنگا ریلی نام دیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے پاکستان کے خلاف بھارتی فوج کی کامیاب کارروائیوں پر روشنی ڈالی جائے گی۔ راجدھانی دلّی کے کرتویہ پتھ پر آج شام اس موقع کی مناسبت سے پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ملک کے 52 ویں چیف جسٹس کے طور پر بھوشن گوئی آج اپنے عہدہ کا چارج لیں گے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کل سبکدوش ہو گئے۔ گذشتہ سال 24 نومبر کو انھوں نے اس عہدہ کو قبول کیا تھا۔ جسٹس کھنہ نے اپنے جانشین کے طور پر جسٹس بھوشن گوئی کے نام کی سفارش کی تھی۔

***** ***** *****

ریاست کے راستوں پر رہنے والے بچوں کی باز آباد کاری کیلئے فلائنگ اسکواڈ اسکیم کو چلانے کو ریاستی کابینہ نے کل منظوری دے دی۔ اس اسکیم کیلئے ریاست کے 29 میونسپل کارپوریشن علاقوں میں 31 موبائل وین خریدنے کیلئے آٹھ کروڑ روپئوں کو بھی منظوری دی گئی۔ ماحولیات کے نقصان سے بچنے کیلئے ریاست میں مصنوعی ریت یعنی ایم سینڈ (M.Sand) پالیسی کو بھی منظوری دی گئی۔ ہر ضلع میں پچاس افراد یا تنظیموں کو ایم سینڈ منصوبہ قائم کرنے کیلئے صنعتی شعبہ کی معرفت سہولیات فراہمی اور ہر منصوبے کو فی براس دو سو روپئوں کی امداد کا فیصلہ بھی کابینہ کے اجلاس میں لیا گیا

***** ***** *****

ریاستی کمیٹی برائے ازالۂ مسائل تنخواہ کی رپورٹ منظور کرتے ہوئے اس کیلئے 80 کروڑ روپئوں کا بوجھ ریاستی حکومت نے منظور کرنے کا فیصلہ اس اجلاس میں لیا ہے۔ ریاست کے سرکاری صنعتی تربیتی اداروں کو عالمی درجے کے تربیتی اداروں میں تبدیل کرنے کیلئے عوامی؍ نجی امداد سے جدید کرنے کی پالیسی کو کابینہ نے منظور کر لیا۔

***** ***** *****

مرکزی تعلیمی بورڈ CBSE کے جماعت دسویں اور بارہویں کے نتائج کل ظاہر کیے گئے۔ بارہویں کے امتحان میں 88.39 فیصد جبکہ دسویں کے امتحان میں 93.66 فیصد طلبہ کامیاب ہوئے ہیں۔ CBSE کے نتائج میں بھی لڑکیوں نے بازی ماری ہے۔ طلبہ اپنا نتیجہ www.cbse.gov.in اس ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ نے دسویں جماعت کے نتائج کل ظاہر کیے گئے۔ ریاست میں کُل 98.10 فیصد طلبہ کامیاب ہوئے ہیں۔ اسکولی تعلیم کے وزیر دادا بھوسے نے تمام کامیاب طلبہ، ان کے سرپرست اور ان کی رہنمائی کرنے والے اساتذہ کو مبارکباد دی ہے۔ کامیاب نہ ہونے والے طلبہ سے انھوں نے مایوس نہ ہونے اور ضمنی امتحان میں شرکت کر کے کامیاب ہونے کی اپیل کی ہے۔

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

دسویں کے امتحان میں پونے ڈویژن کا نتیجہ 98.81 فیصد رہا۔ ناگپور 90.78، چھترپتی سمبھاجی نگر 92.82، ممبئی 95.84، کولہاپور 96.78، امراوتی 92.95، ناسک 93.04، لاتور 92.77، جبکہ کوکن ڈویژن کا نتیجہ سب سے زیادہ 98.82 فیصد رہا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کا نتیجہ 93.60، جالنہ 91.44، بیڑ 96.47، پربھنی 89.24، جبکہ ہنگولی ضلع کا نتیجہ 89.07 فیصد رہا۔

لاتور ڈویژن میں اس سال دھاراشیو ضلع 95.37 فیصد کے ساتھ پہلے مقام پر رہا۔ لاتور 92.36 کے ساتھ دوسرے، جبکہ ناندیڑ ضلع 91.93 فیصد کے ساتھ تیسرے مقام پر رہا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے تقریباً 17 اسکولوں کے 821 طلبہ نے دسویں کے امتحان میں شرکت کی تھی، جن میں سے 634 طلبہ کامیاب ہوئے۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے احکامات دیئے ہیں کہ کسانوں کی سہولت کیلئے اور انھیں سرکاری اسکیموں کا فائدہ ایک ہی جگہ دینے کیلئے ایگری اسٹیک کے تحت 31 مئی تک اندراج کریں۔ باونکولے نے کل ناگپور سے وِڈیو کانفرنس کے ذریعے خریف ہنگام کا جائزہ لیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر یہ اندراج نہ کرنے والے کسانوں کو بجلی بل کی سہولت نہیں ملے گی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کی رابطہ وزیر میگھنا ساکورے- بورڈیکر نے کیمیائی کھادوں پر زراعت کا انحصار کم کرنے نامیاتی کھادوں کے استعمال کو بڑھانے کیلئے کسانوں کی حوصلہ افزائی کرنے کی ہدایت دی۔ وہ کل پربھنی میں خریف ہنگام 2025 کے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں۔ بورڈیکر نے پھل باغ تخم ریزی اسکیموں اور ریشم کی زراعت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی ترغیب بھی دی۔ انھوں نے ضلعے میں آئندہ 15 دنوں میں زرعی کام مکمل کرنے اور زرعی سامان کی دستیابی کو یقینی بنانے کا بھی حکم دیا۔

دریں اثناء، موسمِ باراں کے پیشِ نظر آفاتِ سماوی مشنری کی تیاری کو یقینی بنانے کیلئے کل پربھنی میں ضلع ڈیزاسٹر مینجمنٹ محکمہ کا ایک جائزہ اجلاس بھی منعقد ہوا۔

***** ***** *****

ساتویں کھیلو انڈیا مقابلوں میں 115 تمغوں کے ساتھ تمغوں کی فہرست میں مہاراشٹر پہلے مقام پر برقرار رہے۔ اس میں 43 طلائی، 37 نقرئی اور 35 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ مہاراشٹر کی پرینا نے جمناسٹک مقابلے میں طلائی تمغہ جیتا' جبکہ مہاراشٹر کی دیوانگی پوار نے اسی مقابلے میں کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ بال جمناسٹک مقابلے میں مہاراشٹر کی رِکمیا کارڑے نے طلائی تمغہ جیتا اور پرینا کو نقرئی تمغے پر اکتفاء کرنا پڑا۔

***** ***** *****

جنوب مغربی مانسون خلیج بنگال کے جنوبی حصے کو ڈھانپ چکا ہے اور جنوبی انڈمان سمندر، جزائر نکوبار اور شمالی انڈمان سمندر کے کچھ حصوں تک پہنچ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے مانسون آئندہ تین سے چار دنوں میں مزید آگے بڑھنے کی پیشن گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت، 40 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس، اکولا میں درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر میں 34 ڈگری سیلسیس، دھاراشیو میں 35 ڈگری اور بیڑ اور پربھنی میں 38 ڈگری سیلسیس سے زیادہ درجہ حرارت درج کیا گیا۔

دریں اثناء، محکمہ موسمیات نے شمال وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے کچھ مقامات پر تیز ہواؤں اور بجلی کی گرج اور چمک کے ساتھ ہلکی تا درمیانی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

امباجوگائی میں مراٹھی لسانی یونیورسٹی کا قیام اور شیوار ساہتیہ سمیلن جیسی چھوٹی ادبی کانفرنسوں کیلئے امداد کی فراہمی سمیت 12 مختلف قراردادوں کی منظوری کے ساتھ ماجلگاؤں میں منعقدہ 16 واں شیوار ساہتیہ سمیلن اختتام پذیر ہوا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آپریشن سندور کے ذریعے صرف دہشت گردوں کے اڈے ہی نہیں بلکہ ان کے منصوبے بھی ختم کیے گئے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ آپریشن سندور سے متعلق عوامی بیداری کیلئے بی جے پی کی ملک بھر میں ترنگا ریلی۔

☆ ملک کے 52 ویں چیف جسٹس کے طور پر جسٹس گوئی آج اپنے عہدہ کا چارج لیں گے۔

☆ بے گھر بچوں کی باز آبادکاری کیلئے فلائنگ اسکواڈ اسکیم کو ریاستی کابینہ کی منظوری؛ مصنوعی ریت پالیسی کو بھی منظوری۔

☆ ریاستی تعلیمی بورڈ کے دسویں اور CBSE کے بارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ جنوب مغربی مانسون جنوبی انڈمان سمندر میں داخل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****